سوال

کافر سے انجیل کا نسخہ لینا تاکہ وہ قرآن مجید لینا قبول کرلے

جواب

الحمد للہ

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا تو ان کا جواب تھا :

وہ یہ کام نہ کرے کیونکہ ہوسکتا ہے مسلمان پر اس کا اثر ہوجائے اور اس خبیث پر کچھ بھی اثر نہ ہو، اس کی دلیل یہ ہے کہ وہ اس پر مصر ہے کہ مسلمان انجیل کا نسخہ ضرور لے ، تو مسلمان کو اس پر موافقت نہیں کرنی چاہیے اگر تو وہ ھدایت یافتہ بن جاتا ہے تو اس میں اس کا اپنا فائدہ ہے اور اگر وہ کافر گمراہ ہی رہتا ہے تو اس کا نقصان بھی اسے ہی ہے ۔

سوال ؟

کیا وہ ظاہری طور پر موافقت اختیار کرسکتا ہے اور باطنی طور پر وہ اسے پڑھے ہی نہ ؟

جواب :

وہ اس کی بھی موافقت نہ کرے بلکہ کسی چیز کی بھی اس لیے کہ وہ اس پر فخر کرے گا ۔

واللہ تعالی اعلم ۔ .